UCDAVIS
UNIVERSITY OF CALIFORNIA

# سٹرس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سرگودھا

CRI Citrus

## ترشاوہ باغات کی بہتری کیلئے کام کا ماہانہ شیڈول




### جنوری

☆ جن باغات سے پھل توڑا جا چکا ہو وہاں کانٹ چھانٹ کا عمل مکمل کریں۔ سوکھی، بیمار ٹہنیاں و کچے گلے درختوں پر نہ رہنے دیں۔

☆ گدھیڑی کے بچوں پر نظر رکھیں جہاں نظر آئیں بذریعہ سپرے کنٹرول کریں کلوروپائری فاس 2.5 ملی لٹر یا میتھیڈاتھیان 2.5 ملی لٹر یا پروفینوفاس 2.5 ملی لٹر فی لٹر پانی کے حساب سے درختوں کے تنوں پر سطح زمین سے دو سے اڑھائی فٹ اونچائی تک اور پودے کی چھتری کے نیچے زمین پر سپرے کریں

☆ پودوں کو دھند کے مضر اثرات سے بچانے کا اہتمام کریں خصوصاً باغات کے گرداگرد بانس وغیرہ یا لمبے قد کے جو درخت لگے ہوئے ہوں اُن کی چھدرائی و کٹائی کریں تاکہ باغات میں روشنی و ہوا کا گذر ہو۔




### فروری

☆ عمل کانٹ چھانٹ بہتر پھل کے حصول کیلئے جاری رکھیں۔ سٹرس سکیب، میلانوز، کینکر و دیگر بیماریوں کے تدارک کیلئے یہ امر بہت ضروری ہے کانٹ چھانٹ شدہ ٹہنیوں وغیرہ کو جلا دیں۔

☆ ان بیماریوں کے تدارک کیلئے درج ذیل زہروں میں سے کسی ایک پھپھوندی کش زہر کا سپرے کانٹ چھانٹ کے فوراً بعد کریں بورڈیکس مکسچر 1 فیصد یا کوسائیڈ یا چمپین بحساب 2.5 گرام فی لٹر پانی یا تھائیوفنیٹ متھائل 2 گرام یا ڈائی فینا کونازول 0.5 ملی لٹر فی لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں




### مارچ

☆ مارچ کے آخر میں پھل کی خاصیت کو خراب کرنے والے کیڑے مکوڑے مثلاً تھرپس، لیف مائنر، تیلا، لیمن بٹرفلائی وغیرہ و مختلف بیماریوں مثلاً سٹرس سکیب، سٹرس میلانوزا اور سٹرس کینکر کے خلاف درج ذیل زہروں کے ملاپ کے مطابق سپرے کریں۔ (ٹریسر) سپائنوسیڈ 20 سی سی فی 100 لٹر پانی + ٹاپسن ایم 200 گرام فی 100 لٹر پانی یا (ریڈیئنٹ) سپینٹوران 20 سی سی فی 100 لٹر پانی + نیٹیو و (Nativo) 30 گرام فی 100 لٹر پانی یا لیوفینوران 200 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی یا ایبا میکٹن 250 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی + ایزاکسی اسٹروبن 100 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی

☆ سپرے سے پہلے باغات میں ہر صورت عمل کانٹ چھانٹ مکمل کریں تاکہ سپرے کا موثر فائدہ ہو۔




### اپریل

☆ پودوں کے تنوں پر بورڈو پیسٹ نیلا تھوتھا ایک کلو، ان بجھا چونا دو کلو اور پانی 12 لٹر (12:2:1) سطح زمین سے دو سے اڑھائی فٹ تنے کی اونچائی تک لگائیں تاکہ موسم گرما میں درختوں کے بڑے تنوں کی چھال پھٹنے نہ پائے۔

☆ پھل بننے کے بعد سٹرس تھرپس، سٹرس سلا، سٹرس میلانوز و سٹرس سکیب کے خلاف درج ذیل میں سے زہروں کے کسی ایک ترکیب (ملاپ) کا حفاظتی سپرے کریں تاکہ کیڑے مکوڑے اور بیماریوں کا موثر تدارک ہو سکے۔ امیڈاکلوپرڈ 100 سی سی فی 100 لٹر پانی + ایزاکسی اسٹروبن 100 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی یا کلورفینا پائر 50 سی سی فی 100 لٹر پانی + کیبریو ٹاپ 200 گرام فی 100 لٹر پانی یا (ریڈیئنٹ) سپینٹورام 20 سی سی فی 100 لٹر پانی + نیٹیو و (Nativo) 30 گرام فی 100 لٹر پانی یا کلورفینا پائر 50 سی سی فی 100 لٹر پانی یا لیوفینوران 250 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی + ریلی (Rally) 20 گرام فی 100 لٹر پانی یا فائٹر 250 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی + سیکسیس (Success) 250 گرام فی 100 لٹر پانی




### مئی

☆ اگر بارشوں کا سلسلہ جاری رہے تو بورڈیکس مکسچر 1 فیصد یا کوسائیڈ یا کوباکس بحساب 3 گرام فی لٹر پانی سپرے کریں۔

☆ سٹرس سلا اور لیمن بٹرفلائی کے کنٹرول کیلئے نواستار بحساب 1.5 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں۔

Scanned by CamScanner



## جون

☆ جن درختوں سے گدھیڑی بالغ حالت میں زمین پر آ گئی ہو وہاں ہلکی گوڈی کر کے انڈوں کو تلف کریں۔



## جولائی

☆ پھل کی مکھی کو کنٹرول کرنے کیلئے جنسی پھندے 6 تا 8 فی ایکڑ لگائیں۔

☆ باغات کے اردگرد ہوا توڑ باڑیں لگانے کیلئے نیم کے پودے باغات کے گرد لگائیں۔

☆ پھپھوندی سے پھیلنے والی بیماریوں پر نظر رکھیں اور بارشیں جب شروع ہو جائیں اور ان میں وقفہ آتے ہی سٹرس سکیب، سٹرس میلانوز، سٹرس کینکر اور سرسوک یعنی (سٹرس ودرٹپ) کے تدارک کیلئے مناسب سپرے کریں



☆ موسم برسات میں سٹرس سلا یعنی تیلا، سٹرس سکیلز، کاٹنی کشن سکیلز کے تدارک کیلئے درج ذیل میں سے کسی ایک زہر کا استعمال کریں بارڈر 2.5 ملی لٹر فی لٹر پانی یا نوواسٹار 1.25 ملی لٹر فی لٹر پانی کی شرح سے کریں اور ہر سپرے مشین میں ایک چیچ سرف ضرور ملائیں۔

☆ کاٹنی کشن سکیلز کیلئے نیم آئل بحساب 10 ملی لٹر فی لٹر پانی کے حساب سے سپرے کرنے سے موثر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔



## اگست

☆ انحطاط پذیری کی طرف مائل پودوں کو وجوہاتِ انحطاط پذیری کے اسباب جاننے کے بعد ان پودوں میں درج ذیل ادویات کا ملاپ بیمار شدہ ٹہنیوں کی کانٹ چھانٹ کے بعد ڈالیں۔ رگبی 70 گرام + کاپر سلفیٹ 250 گرام + ریڈومل گولڈ 80 گرام + ہیومک ایسڈ 2 کلو گرام فی بڑا پودا ڈال کر پانی لگا دیں۔



☆ سٹرس سکیب، سٹرس میلانوز اور سٹرس کینکر کی روک تھام کیلئے بورڈو مکسچر 1 فیصد یا چیمپین (کاپر ہائیڈرو آکسائڈ) 3 گرام فی لٹر پانی یا نیٹیوو (Nativo) 65 گرام فی 200 لٹر پانی یا ایزاکسی اسٹروبن 1 ملی لٹر فی لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں۔

☆ تیلے و دوسرے رس چوسنے والے کیڑوں کے تدارک کیلئے امیڈاکلوپرڈ 1.25 ملی لٹر یا اسیٹامیپرڈ 1.25 ملی لٹر فی لٹر پانی کے حساب سپرے کریں۔



## ستمبر

☆ مختلف کیڑے مکوڑوں مثلاً سٹرس لیف مائنر، تیلے و دیگر رس چوسنے والے کیڑوں کے انسداد کیلئے اسیٹامیپرڈ بحساب 1.25 ملی لٹر یا نوواسٹار 1.25 ملی لٹر فی لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں۔



☆ سٹرس سکیب یا سٹرس میلانوز کے انسداد کیلئے ایمی سٹار ٹاپ 1 ملی لٹر فی لٹر پانی یا ایزاکسی اسٹروبن 1 ملی لٹر فی لٹر پانی یا نیٹیوو (Nativo) 65 گرام بحساب 200 لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں۔



## اکتوبر

☆ سٹرس سکیب و میلانوز کے کنٹرول کیلئے نیٹیوو (Nativo) بحساب 65 گرام فی 200 لٹر پانی یا ریلی (Rally) 40 گرام فی 200 لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں۔

☆ پودوں کے تنوں پر کیلنڈر میں بیان کردہ تناسب کے لحاظ سے سطح زمین سے دو سے اڑھائی فٹ تک پیسٹ کر دیں۔



## نومبر:

☆ مالٹے کی مختلف اقسام کی برداشت شروع کر دیں اور بعد از برداشت ان کی کانٹ چھانٹ کرنے کے بعد کسی بھی پھپھوندی کش دوائی ترجیحاً ایلیٹ 2.5 گرام فی لٹر یا کاپر آکسی کلورائیڈ بحساب 3 گرام فی لٹر پانی کی شرح سے سپرے کریں۔

☆ گرے ہوئے تمام پھل کو تلف کر دیں خصوصاً ایسا پھل جو بیماری یا کیڑے مکوڑوں سے متاثرہ ہو۔

☆ گدھیڑی کے انڈوں کی تلفی کیلئے پودوں کے اردگرد ہلکی گوڈی کریں۔

## دسمبر:



☆ گدھیڑی کے انڈوں میں سے نکلنے والے کیڑوں کو تلف کرنے کیلئے مناسب زہروں کا سپرے کریں اور یہ سپرے اُسی جگہ تک محدود رہے جہاں گدھیڑی کے بچے نظر آئیں۔ ترجیحاً سطح زمین سے درخت کے بڑے تنے پر 3 فٹ اونچائی تک کلوروپائری فاس یا پروفینوفاس 2.5 ملی لٹر فی لٹر پانی کا سپرے گدھیڑی کے بچوں کو تلف کرنے کیلئے ضروری ہے۔

☆ جن پودوں پر بیج (Citrus Greening) سے متاثرہ پھل نظر آئے تو ان کی نشاندہی کر کے تلف کر دیں۔


**Altaf-ur-Rehman Khan**
Director

**Malik Abdul Rehman**
Principal Investigator

**Raja Shafqat Ali**
CO-Principal Investigator


Scanned by CamScanner